© rasailojaraid.com



شورش کاشمیریؒ

# شہیدانِ ختم نبوت

خاکِ لاہور کی توقیر بڑھانے والے
گولیاں تانے ہوئے سینوں پہ کھانے والے
جبر کا نام زمانے سے مٹانے والے
صبر ایوب کی تصویر دکھانے والے

گردنیں عشق پیمبر میں کٹانے والے
دھجیاں لشکر باطل کی اڑانے والے
دغدغہ طارقؒ و بوذرؓ کا دکھانے والے
طنطنہ دین فروشوں کا مٹانے والے

پرچم سید کونین اڑانے والے
قرنِ اوّل کی روایات دکھانے والے
آگ طاغوت پرستوں میں لگانے والے
ہیبتِ لشکر اسلام بٹھانے والے

معجزہ قوّتِ بازو کا دکھانے والے
نقشۂ حیدرِ کرّار جمانے والے
سربکف عرصۂ پیکار میں آنے والے
جان تک ختم نبوت پہ لٹانے والے

قتل گاہوں میں شہیدوں کا لہو بول اٹھا
سر کٹاتے ہیں محمد کے گھرانے والے
بچ نہیں سکتے کبھی قہر خدا سے شورشؔ
خونِ احرار سفینوں میں لٹانے والے

(۲۸ر فروری ۱۹۶۳ء)



© rasailojaraid.com